امر بالمعروف ونہی عن المنکر اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★

روزنامہ

اطلاعِ عام

کوئٹہ

چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر

رجسٹریشن نمبر: C-1932

Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245

جلد نمبر: 16 | بروز جمعہ 09 اکتوبر 2026ء 26 ربیع الثانی 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 186

تمام وفاقی وزارتیں قومی ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر اعداد و شمار کی بروقت فراہمی یقینی بنائیں

شہباز شریف

وزارتوں کی کارکردگی اور اعداد و شمار کی ڈیجیٹائزیشن کرپشن اور ادارہ جاتی بدنظمی کے سدباب میں اہم ہے، تمام وفاقی وزارتیں مقررہ مدت میں متعلقہ ڈیٹا کو ڈیجیٹائز کرنے کا عمل مکمل کریں

ڈیجیٹل حکومتی خدمات، ڈیجیٹل معیشت اور عوامی سہولت کے لیے خصوصی اقدامات جاری ہیں ڈیجیٹل نیشن پاکستان کے تحت قومی سطح کا مرکزی ڈیٹا سینٹر حکومتی خدمات اور شہری سہولیات پہنچانے میں کلیدی کردار ادا کرے گا

اسلام آباد (جی این ایم) وزیراعظم شہباز شریف نے ہدایت دی ہے کہ تمام وفاقی وزارتیں متعلقہ اعداد و شمار کی قومی ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر فراہمی کیلئے بروقت ضروری اقدامات مکمل کریں۔ وزیراعظم آفس سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی وزارتوں میں ڈیجیٹل نیشن پاکستان پروگرام کے نفاذ پر پیشرف جائزہ اجلاس ہوا۔اس موقع پر شہباز شریف نے کہا کہ ڈیجیٹل نیشن پاکستان کے تحت قومی سطح کا مرکزی ڈیٹا سینٹر حکومتی خدمات اور شہری سہولیات پہنچانے میں کلیدی کردار ادا کرے گا، وفاقی وزارتوں کی ذمہ داریاں کارکردگی

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 3 پر)

ملک بھر میں بجلی ایک روپے 11 پیسے فی یونٹ مہنگی کر دی گئی، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (جی این ایم) حکومت نے عوام پر مہنگائی کا ایک اور بم گرا دیا، ملک بھر میں بجلی ایک روپے 11

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3 پر)



اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف ڈیجیٹل نیشن پاکستان اقدام پر عمل درآمد سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

دنیا کے امن کیلئے پاکستان کا کردار قابلِ ستائش ہے، انتونیو گوتریس

افغانستان میں اس وقت 25 دہشتگرد تنظیمیں کام کر رہی ہیں، جو دنیا کے امن کیلئے بڑا خطرہ ہیں، عالمی برادری کو اس خطرے سے نمٹنے کیلئے ملکر کام کرنے کی ضرورت ہے، محسن نقوی

وفاقی وزیر داخلہ اور زیر مملکت طلال چودھری سے اقوام متحدہ سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کی ملاقات، عالمی و علاقائی صورتحال اور امن مشنز کے امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چودھری سے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران عالمی و علاقائی صورتحال اور امن مشنز کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ پاکستان دہشتگردی کے خلاف عالمی جنگ لڑ رہا ہے، افغانستان میں اس وقت 25 دہشتگرد تنظیمیں کام کر رہی ہیں، جو دنیا کے امن کیلئے بڑا خطرہ ہیں، عالمی برادری کو اس خطرے سے نمٹنے کیلئے ملکر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اقوام متحدہ

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 3 پر)



اسلام آباد: نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار اور بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی وزارت مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

مولانا فضل الرحمان چاہتے ہیں پی ٹی آئی اور حکومت میں مذاکرات ہو جائیں، سینیٹر کامران مرتضیٰ

ملک کی موجودہ صورتحال میں بہتری کیلئے یہی بہتر ہے کہ مذاکرات کئے جائیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) جے یو آئی کے سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمان کی خواہش ہے کہ پی ٹی آئی اور حکومت میں کسی طرح مذاکرات ہو جائیں۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کی موجودہ صورتحال

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان کی بچیوں کو تشدد کیلئے استعمال کرنا قابل قبول نہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی حکومت اور بی آر ایس پی کے اشتراک سے شروع کردہ پروگرام "رائز بلوچستان" کے تحت تربیت مکمل کرنے والی خواتین کو سرٹیفکیٹس دینے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان میں 15 ہزار سے زائد اساتذہ میرٹ پر بھرتی کیے گئے، نوجوانوں کے لیے تین ارب روپے مختص کیے گئے، مزید فنڈز بھی فراہم کریں گے

نوجوانوں اور ریاست کے درمیان خلیج کو تعلیم، ہنر اور روزگار کے ذریعے ختم کیا جائے گا، حکومت ہنر مند گریجویٹس کو بلا سود قرضے اور کاروباری معاونت فراہم کرے گی، وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ نوجوانوں اور ریاست کے درمیان موجود خلیج کو تعلیم، ہنرمندی، روزگار، میرٹ اور بامعنی مکالمے کے ذریعے ختم کیا جائے گا۔ حکومت نوجوانوں کو غیر قانونی سرگرمیوں کے بجائے قانونی معیشت کا حصہ بننے کے لیے مواقع، وسائل اور رہنمائی فراہم کر رہی ہے حکومت کا مقصد صرف نوجوانوں کو تربیت دے کر سرٹیفکیٹ دینا نہیں بلکہ انہیں اپنے پیروں پر کھڑا کرنا ہے، حکومت بلوچستان ہنر سیکھنے والے نوجوانوں کو سازگار ماحول، بلاسود قرضے، کاروباری معاونت اور مسلسل رہنمائی فراہم کرے گی تاکہ وہ اپنے علاقوں میں یا ملک کے کسی بھی حصے میں باعزت کاروبار شروع کر سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے جعمرات کو

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایف بی آر کی مانیٹرنگ کمپنیاں اب سیلز ٹیکس چوری روکیں گی، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (جی این ایم) آئی ایم ایف کے اہداف کے مطابق سیلز ٹیکس کی چوری روکنے اور بہتر وصولی

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 3 پر)

سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کا جیل میں گنجائش سے زائد قیدیوں کی موجودگی کا اعتراف

جیلوں میں قیدیوں کی بڑھتی تعداد کے مسئلے پر حکومت غور کر رہی ہے، ساجد بیگ

راولپنڈی (جی این ایم) ڈیالہ جیل کے سپرنٹنڈنٹ ساجد بیگ نے جیل میں گنجائش سے زائد قیدیوں کی موجودگی کا اعتراف کیا ہے۔ بیان کے مطابق سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل ساجد بیگ کا کہنا ہے کہ اڈیالہ جیل میں اس وقت تقریباً 8 ہزار قیدی موجود

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستان نے حوثیوں کیخلاف پاک فضائیہ کی کارروائی کی خبر جھوٹی قرار دیدی

عالمی میڈیا کو پھر نشاندہی کی جاتی ہے کہ وہ مکہ دفاعی معاہدے کے تحت پاکستانی افواج کے استعمال پر قیاس آرائیوں سے گریز کرے

افواج کی کسی بھی قسم کی تعیناتی اگر ضروری ہوئی تو اس کی تفصیلات متعلقہ حکام خود فراہم کریں گے، وزارت اطلاعات

اسلام آباد (اے این این) وزارت اطلاعات و نشریات نے حوثیوں کے خلاف پاک فضائیہ کے استعمال سے متعلق خبر مکمل طور پر جھوٹی اور من گھڑت قرار دے دی۔ وزارت اطلاعات ونشریات کی جانب سے جاری کردہ فیکٹ چیک کے مطابق حوثیوں کے خلاف پاک فضائیہ کے استعمال سے متعلق نیویارک ٹائمز کی خبر مکمل طور پر جھوٹی اور من گھڑت ہے۔ عالمی میڈیا کو ایک بار پھر نشاندہی کی جاتی ہے کہ وہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت پاکستانی افواج کے استعمال پر قیاس آرائیوں سے گریز کرے۔ افواج کی کسی بھی قسم کی تعیناتی اگر

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 3 پر)



اسلام آباد، صدر آصف علی زرداری سے ایوانِ صدر میں، بحرین کے وزیر خارجہ ڈاکٹر عبداللطیف بن راشد الزیانی ملاقات کر رہے ہیں



اسلام آباد: روانڈا کی ہائی کمشنر ہاریریمانا فتو وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے ملاقات کر رہی ہیں

چینی شہریوں کے اغوا اور ڈکیتی کیس، 3 ملزمان کی ضمانتیں خارج

درخواستِ ضمانت خارج ہونے والے ملزمان میں عمر حیات، عثمان اور حارث مظہر شامل

اسلام آباد (اے این این) اسلام آباد کی انسداد دہشتگردی عدالت نے چینی شہریوں کے اغوا اور ڈکیتی کیس میں 3 ملزمان کی ضمانتیں خارج کر دیں۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے جج ابوالحسنات محمد ذوالقرنین نے ملزمان کی ضمانت بعد از گرفتاری کی درخواست خارج کر دی، پراسیکیوٹر راجہ نوید کیانی عدالت میں پیش ہوئے، درخواستِ ضمانت خارج ہونے والے ملزمان میں عمر حیات، عثمان اور حارث مظہر شامل ہیں، ملزمان پر سیکٹر F-10/4

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3 پر)

پشاور ہائیکورٹ، لانگ مارچ میں سرکاری وسائل کا استعمال، وزیراعلیٰ سے جواب طلب

پشاور ہائیکورٹ نے سیاسی اجتماع، جلسے اور جلوس کے دوران سرکاری وسائل پر پابندی عائد کی تھی، درخواست گزار

پشاور (اے این این) پشاور ہائیکورٹ نے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کی جانب سے پی ٹی آئی کے لانگ مارچ میں ہیلی کاپٹر اور سرکاری وسائل استعمال کرنے کے خلاف دائر توہین عدالت کی درخواست پر وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کو نوٹس جاری کر کے جواب طلب کر لیا۔ توہین عدالت کی درخواست سماعت چیف جسٹس پشاور ہائیکورٹ جسٹس ایس ایم عتیق شاہ اور جسٹس اعجاز خان پر مشتمل دو رکنی بنچ نے کی۔ درخواست گزار

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 3 پر)

8 اکتوبر کے ہولناک زلزلے کی 21 ویں برسی عقیدت و احترام سے منائی گئی

آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں شہدا کیلئے دعائیہ تقریبات کا اہتمام،، 87 ہزار شہدا کی یاد آج بھی تازہ

اسلام آباد، مظفر آباد (آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں شہدا کیلئے دعائیہ تقریبات کا اہتمام،، 87 ہزار شہدا کی یاد آج بھی تازہ ہے اور تیل کی قیمتیں گرنے والی ہیں۔ ٹرمپ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے مزید کہا کہ ایران

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 3 پر)

برسی انتہائی عقیدت و احترام سے منائی گئی، اس موقع پر آزاد کشمیر اور ملک بھر میں شہدا کیلئے دعائیہ تقریبات کا اہتمام کیا گیا، لوگوں نے اپنے پیاروں کی قبروں پر فاتحہ خوانی و دعائیں کیں اور

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 3 پر)

دنیا کی تاریخ میں ڈیزل اتنا مہنگا کبھی نہیں ہوا، عوام کی تکلیف کا احساس ہے، وزیر پیٹرولیم

پیٹرولیم لیوی نان ٹیکس ریونیو ہے، پیٹرولیم لیوی پر پارلیمنٹرینز کا ووٹ نہیں ہے، پیٹرولیم لیوی ایگزیکٹو کے ہاتھ میں ہے، سید نوید قمر

قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی پیٹرولیم کا اجلاس ہوا، وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے شرکت کی اور صورتحال پر بریفنگ دی

اسلام آباد (اے این این) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی پیٹرولیم کا اجلاس ہوا، وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے شرکت کی اور صورتحال پر بریفنگ دی کمیٹی اجلاس میں پیٹرولیم قیمتوں کے بارے میں اراکین کے سوالات کیے گئے، وزیر پیٹرولیم علی پرویز نے کہا کہ علاقائی کشیدگی کے باعث تیل سپلائی کا بحران ہے، کشیدگی سے پیٹرول ڈیزل اور خام تیل کی سپلائی متاثر ہوئی، دنیا کی تاریخ میں ڈیزل اتنا مہنگا

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 3 پر)

ژوب، ڈی آئی خان روڈ پر شیرانی کے قریب مسلح افراد کا ناکہ، مسافروں کے شناختی کارڈز چیک کیے

سیکیورٹی فورسز کی بروقت روانگی پر ملزمان قریبی پہاڑوں کی طرف فرار، مرکزی شاہراہ ٹریفک کے لیے بحال

ژوب (یو این اے) ژوب اور ڈی آئی خان روڈ پر حسوبند کے مقام (شیرانی) پر گزشتہ شب نامعلوم مسلح افراد نے ناکہ لگا کر گاڑیوں کی کڑی چیکنگ کی۔ ذرائع کے مطابق مسلح افراد نے رات 8 بجے سے 10 بجے تک شاہراہ پر آنے جانے والی گاڑیوں کو روکا اور اس دوران مسافروں کے شناختی کارڈز بھی چیک کیے جاتے رہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی سیکیورٹی فورسز فوری طور پر جائے وقوعہ کی جانب روانہ ہوئیں، جن کی آمد کی خبر ملتے ہی مسلح افراد مرکزی شاہراہ سے قریبی پہاڑوں کی طرف فرار ہو گئے۔ سیکیورٹی فورسز کے پہنچنے کے بعد شاہراہ کو مکمل طور پر کلیئر کرا کے ٹریفک کے لیے دوبارہ کھول دیا گیا۔ ژوب اور ڈی آئی خان روڈ پر حسوبند کے مقام (شیرانی) پر گزشتہ شب نامعلوم مسلح افراد نے ناکہ لگا کر گاڑیوں کی کڑی چیکنگ کی۔ ذرائع کے مطابق مسلح افراد نے رات 8 بجے سے 10 بجے تک شاہراہ پر آنے جانے والی

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، امن و امان کی ابتر صورتحال پر جے یو آئی کوئٹہ کا جمعہ کو امن ریلی نکالنے کا اعلان

شہر میں بدامنی اور بڑھتے ہوئے جرائم پر قابو پایا جائے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کی مجلس عمومی کا اہم اجلاس ضلعی امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں مجلس عمومی کے اراکین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس میں ضلعی سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس کی جانب سے پیش کردہ ایجنڈے کے مطابق مختلف شعبہ جات کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران حافظ شبیر احمد مدنی نے جماعتی کارکردگی، عبدالصمد حقیار نے شعبہ اطلاعات، حاجی صالح محمد نے شعبہ مالیات جبکہ مولانا علی جان نے شعبہ انصار الاسلام کی کارکردگی رپورٹس پیش کیں، جن پر اراکین نے غور وخوض کرتے ہوئے اپنی آرا اور تجاویز پیش کیں۔ اجلاس میں مجلس فقہی کے سربراہ مولانا مفتی محمد روزی خان، مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، عبدالغنی شہزاد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، مفتی رضا خان، مفتی سعید احمد، حافظ سراج الدین، مولانا محمد شعیب

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی سیاسی جماعت ہے، اس کے اندرونی معاملات پر بات نہیں کرتا، کیپٹن (ر) صفدر

مذاکرات کا سلسلہ کسی صورت بند نہیں ہونا چاہیے، غیر مشروط مذاکرات نہیں ہوتے، میڈیا سے گفتگو

ایبٹ آباد (اے این این) کیپٹن (ر) صفدر نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی سیاسی جماعت ہے، اس کے اندرونی معاملات پر بات نہیں کرتا، پی ٹی آئی کے لانگ مارچ سے خیبر پختونخوا کے عوام کو مشکلات کا سامنا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیپٹن (ر) صفدر نے کہا کہ لانگ مارچ کے باعث بچوں کو سکول جانے میں مشکلات جبکہ مریضوں کو ہسپتال پہنچنے میں دشواری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کا سلسلہ کسی صورت بند نہیں ہونا چاہیے، غیر مشروط مذاکرات نہیں ہوتے، ہمیشہ کچھ لو اور کچھ دو کی بنیاد پر مذاکرات ہوتے ہیں۔ کیپٹن (ر) صفدر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو رہا کیا جانا چاہیے، بانی پی ٹی آئی سے ملاقاتیں ہونی چاہئیں، رہائی عدالتوں کے ذریعے ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی اور بدامنی عروج پر ہے، صوبے میں فوجی آپریشن انتہائی ناگزیر ہے۔ کیپٹن (ر) صفدر نے کہا کہ مولانا فضل الرحمٰن منجھے ہوئے سیاستدان ہیں، ان کی بات میں وزن ہوتا ہے، خیبر پختونخوا

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 3 پر)

خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی 13 سالہ حکمرانی کارکردگی پر بڑا سوالیہ نشان ہے، امیر مقام

صوبے کے عوام کو درپیش مسائل کے حل، امن و امان کی بہتری اور موثر حکمرانی کیلئے عملی اقدامات کی ضرورت ہے

صوبائی حکومت کے پاس اپنی 13 سالہ کارکردگی کے طور پر پیش کرنے کے لئے کوئی قابلِ ذکر کامیابی نہیں صوبے کا بنیادی مسئلہ ابتر گورننس ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر وگلگت بلستان اور مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کی 13 سالہ حکمرانی، کارکردگی پر بڑا سوالیہ نشان ہے، خیبر پختونخوا کے عوام کو درپیش مسائل کے حل، امن و امان کی بہتری اور موثر حکمرانی کیلئے عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پی ٹی آئی کو مسلسل 13 سال سے اقتدار حاصل ہے



کوئٹہ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے اقوام متحدہ کا ذیلی ادارہ فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن سب آفس کے سربراہ ولید مہدی ملاقات کر رہے ہیں

ایران کی فوج تباہ ہو چکی، یہ جنگ جلد ختم ہو جائے گی، ٹرمپ

امریکا ایران کو کسی صورت جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دے گا، امریکی صدر

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف جنگ بہت جلد ختم ہو جائے گی کیونکہ اس وقت پورا ایران تباہ ہو چکا

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 3 پر)

حوثی ملیشیا کے خلاف اب تک 2103 کارروائیاں 1860 جنگجو ہلاک

کارروائیوں میں حوثی ملیشیا کے متعدد فوجی ٹھکانے تباہ کیے گئے، ترجمان یمنی فوج

صنعا (اے این ایں) یمن کی فوج کے ترجمان کرنل ماجد النزیلی نے کہا ہے کہ آپریشن فجر الیمن جاری ہے، آپریشن میں 1860 حوثی ملیشیا کے جنگجوؤں کو ہلاک کر دیا۔ ترجمان یمنی فوج نے بتایا کہ اب تک حوثی ملیشیا کے خلاف 2 ہزار 103

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 3 پر)

اپوزیشن قائدین نے مذاکرت کو عمران خان سے ملاقات سے مشروط کر دیا

اپوزیشن لیڈرز محمود خان اچکزئی اور علامہ ناصر عباس نے آل پارٹیز کانفرنس کے انعقاد پر بھی بات چیت کی

اسلام آباد (اے این این) اپوزیشن لیڈرز محمود خان اچکزئی اور علامہ ناصر عباس کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا جس میں مذاکرات سے متعلق بات چیت ہوئی۔ ذرائع کے مطابق اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی نے کوئٹہ سے اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ راجا ناصر عباس سے رابطہ کیا، دونوں کے درمیان مذاکرات سمیت آل پارٹیز کانفرنس کے حوالے سے مشاورت کی گئی۔ ذرائع کے مطابق دونوں اپوزیشن قائدین نے مذاکرات کے حوالے

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 3 پر)

8 اکتوبر کے ہولناک زلزلے کی 21 ویں برسی عقیدت و احترام سے منائی گئی

آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں شہدا کیلئے دعائیہ تقریبات کا اہتمام،، 87 ہزار شہدا کی یاد آج بھی تازہ

اسلام آباد، مظفر آباد (آزاد کشمیر سمیت ملک بھر میں شہدا کیلئے دعائیہ تقریبات کا اہتمام،، 87 ہزار شہدا کی یاد آج بھی تازہ ہے اور تیل کی قیمتیں گرنے والی ہیں۔ ٹرمپ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے مزید کہا کہ ایران

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 3 پر)

برسی انتہائی عقیدت و احترام سے منائی گئی، اس موقع پر آزاد کشمیر اور ملک بھر میں شہدا کیلئے دعائیہ تقریبات کا اہتمام کیا گیا، لوگوں نے اپنے پیاروں کی قبروں پر فاتحہ خوانی و دعائیں کیں اور

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان ریونیو اتھارٹی کا تربیتی سیشن: افسران اور عملے کی استعدادِ کار میں اضافے پر زور

اکاؤنٹس، ٹیکسیشن اور آئی ٹی آپریشنز: بی آر اے کا ایک روزہ تربیتی سیشن کامیابی سے منعقد

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کے افسران اور متعلقہ عملے کی استعداد کار میں اضافے اور عملی رہنمائی کے لیے اکاؤنٹس، ٹیکسیشن اور آئی ٹی آپریشنز کے موضوع پر ایک روزہ تربیتی سیشن منعقد کیا گیا۔ تربیتی سیشن میں SAP ڈیٹا، ٹیکس دہندگان کو متعلقہ قوانین وقواعد کے تحت نوٹسز کا اجرا، ڈیسک آڈٹ، شارٹ پیمنٹس، اسیسمنٹ آرڈرز، ان پٹ/آؤٹ پٹ ٹیکس اور ٹیکس انفورسمنٹ کے مراحل کے حوالے سے عملی معلومات فراہم کی گئیں۔ آئی ٹی سیشن میں ریجسٹریشن کے عملی طریقہ کار، ریٹرن فائلنگ اور متعلقہ Annexures کے حوالے سے بھی شرکاء کو تربیت دی گئی۔ تربیتی سیشن میں AG آفس، ٹیکس ماہرین اور PRAL کے نمائندگان نے بطور ٹرینرز شرکت کی۔ BRA حکام کے مطابق تربیت کا مقصد متعلقہ افسران، انسپکٹرز، آڈیٹرز، ٹیکس فیسلیٹیشن افسران اور آئی ٹی ٹیم کی پیشہ ورانہ استعداد اور عملی صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانا ہے، تاکہ ٹیکس انتظامیہ، ٹیکس دہندگان کی سہولت اور

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 3 پر)

ٹیکس دہندگان کے مسائل کے حل پر زور: بلوچستان ریونیو اتھارٹی کا اہم اجلاس منعقد

ایف بی آر طرز پر بی آر اے متحرک: ٹیکس دہندگان کی سہولت اور شکایات کے بروقت ازالے کا عزم

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) میں ٹیکس دہندگان کو سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں فون کالز، آن لائن پورٹلز اور ای میلز کے ذریعے ٹیکس دہندگان کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور شکایات کے اندراج، کارروائی اور بروقت ازالے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ٹیکس دہندگان کو رجسٹریشن، انرولمنٹ، ریٹرن فائلنگ اور دیگر ٹیکس امور سے متعلق فراہم کی جانے والی رہنمائی اور معاونت پر بھی غور کیا گیا۔ اس موقع پر اس امر پر زور دیا گیا کہ ٹیکس دہندگان کے مسائل اور شکایات کو مؤثر انداز میں حل کرتے ہوئے انہیں ٹیکس سے متعلق معاملات میں بروقت رہنمائی فراہم کی جائے۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ٹیکس دہندگان کی سہولت اس کی ترجیحات میں شامل ہے اور BRA ٹیکس دہندگان کو رجسٹریشن، ریٹرن فائلنگ، شکایات کے

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 3 پر)

سپیکر قومی اسمبلی کا 9 خارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

اسلام آباد (یو این اے) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے شمالی وزیرستان میں 9 خارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ جعمرات کو اپنے پیغام میں انہوں نےقتہ الخوارج کے 4 اہم دہشتگرد کمانڈروں سمیت 9 خارجیوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت کی تعریف کی اور کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی سے دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنا دیے۔ شمالی وزیرستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن دہشتگردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظہر ہے۔ دہشتگردوں کے ٹھکانوں کی

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 3 پر)

سیکیورٹی فورسز کا شمالی وزیرستان میں آپریشن 4 کمانڈرز سمیت 9 دہشتگرد ہلاک

فتنہ الخوارج کے ہلاک اہم دہشت گرد کمانڈرز میں خارجی خالد رضا، خارجی کامران، خارجی موسیٰ اور خارجی مفتوم شامل ہیں

، متعدد ٹھکانے تباہ، بھاری اسلحہ، گولہ بارود برآمد، صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیر داخلہ محسن کا خراج فورسز کو تحسین

راولپنڈی (جی این ایم) سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا میں عزم استحکام ویژن کے تحت آپریشن کے دوران فتنہ الخوارج کے 4 اہم دہشتگرد کمانڈرز سمیت 9 خوارج جہنم واصل کر دیئے۔ سیکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان کے علاقے پلنگ زئی، ندیم کوٹ، کوٹ خضری میں انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں کیں، فتنہ الخوارج کے ہلاک اہم دہشت گرد کمانڈرز میں خارجی خالد رضا، خارجی کامران، خارجی موسیٰ اور خارجی مفتوم شامل ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ فورسز کی موثر کارروائی کے دوران ہلاک دہشت گردوں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود بھی برآمد کر لیا گیا، کارروائیوں کے دوران فتنہ الخوارج کے متعدد ٹھکانے بھی تباہ کئے گئے۔ دریں اثنا صدرِ مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیر داخلہ محسن نقوی نے شمالی وزیرستان میں فتنہ الخوارج کے خلاف کامیاب کارروائی پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے بیان میں صدر مملکت کا کہنا تھا کہ چار اہم خارجی کمانڈرز

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 3 پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی حکومت اور بی آر ایس پی کے اشتراک سے شروع کردہ پروگرام "رائز بلوچستان" کے تحت تربیت مکمل کرنے والی خواتین کو سرٹیفکیٹس دے رہے ہیں

مولانا فضل الرحمان کا وزیراعظم سے جلد رابطے کا امکان

حکومتی ٹیم میں اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق، رانا ثناءاللہ اور ڈاکٹر طارق فضل شامل تھے

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف اور جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کے درمیان جلد رابطے کا امکان ہے اور مولانا نے پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے ساتھ مذاکرات کا عندیہ دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف اور مولانا فضل الرحمان کے درمیان جلد رابطے کا امکان ہے اور مولانا فضل الرحمان نے پی ٹی آئی کے ساتھ مذاکرات کا عندیہ دے دیا ہے۔ قبل ازیں حکومت کی مذاکراتی ٹیم نے مولانا فضل الرحمان سے ملاقات کی رپورٹ وزیراعظم شہباز شریف کو پیش کر دی، حکومتی ٹیم میں اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق، رانا ثناءاللہ اور ڈاکٹر طارق فضل شامل تھے۔ دوسری جانب قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی اور سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ ناصر عباس نے حکومت سے مذاکرات کو بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات سے مشروط کر دیا

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 3 پر)

روزنامہ
اطلاع عام
کوئٹہ
Daily ETLA-E-AAM Quetta
چیف ایڈیٹر محمد عمر
E-mail: Etlaeaam2010@gmail.com
چیف ایڈیٹر: محمد عمر
آفیسر ایڈورٹائزنگ اینڈ پی آر او: ایم فل اسکالر، ایم بی اے، ایم اے
الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبر: 081-2453865 ،081-2820055
081-2828245 :کمپلینٹ نمبر
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

انتونیو گوتریس کا دورہ

اقوامِ متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کے حالیہ دورہ پاکستان اور اسلام آباد میں اُن کی اعلیٰ ترین سطح پر ہونے والی ملاقاتوں نے ایک بار پھر عالمی سفارت کاری میں پاکستان کے کلیدی اور ذمہ دارانہ کردار کو اُجاگر کیا ہے۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری کی طرف سے سیکرٹری جنرل کو عالمی اَمن اور بین الاقوامی تنازعات کے حل میں اُن کی گراں قدر خدمات کے اعتراف کے طور پر ''نشانِ امتیاز'' سے نوازا جانا انتہائی خوش آئند اور بروقت اقدام ہے۔ انتونیو گوتریس نے بطور سیکرٹری جنرل اپنے طویل اور چیلنجوں سے بھرپور دور میں بڑے تدبر، غیر جانبداری اور انسانی ہمدردی کے ساتھ عالمی مسائل کو اُجاگر کرنے کی کوشش کی۔ پاکستان کے حالیہ سفارتی کردار خصوصاً امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات میں پاکستان کی کامیاب ثالثی اور اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کو ان کا سراہنا اس بات کا ثبوت ہے کہ پاکستان خطے اور دنیا میں اَمن کا ایک قابلِ اعتماد اور فعال داعی ہے۔ انتونیو گوتریس اپنے دورِ اقتدار میں اقوامِ متحدہ کے پلیٹ فارم سے دنیا بھر میں جاری بحرانوں، جنگوں اور موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کیلئے مسلسل آواز بلند کرتے رہے۔ پاکستان میں 2022ء ؁ کے تباہ کُن سیلاب کے موقع پر اُنہوں نے پاکستان کا ذاتی طور پر دورہ کیا اور عالمی برادری سے امداد کی اپیلیں کیں جنہیں پاکستان کے عوام کبھی فراموش نہیں کر سکتے۔ اُنہوں نے مظلوم قوموں کی آواز بننے اور تنازعات کو ڈائیلاگ کے ذریعے حل کرنے پر زور دیا، جب ہم اُن کے منصب کی میعاد کے دوران اقوامِ متحدہ کی مجموعی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہیں تو یہ تلخ حقیقت سامنے آتی ہے کہ تمام تر انفرادی کاوشوں، حسنِ نیت اور سفارتی دوڑ دھوپ کے باوجود عالمی سطح پر وہ نتائج حاصل نہیں کیے جا سکے جن کی توقع دنیا کی اقوامِ متحدہ سے رکھتی ہے۔ مذکورہ بالا کامیوں یا محدود کامیابیوں کا تعلق انتونیو گوتریس کی ذات یا اُن کی صلاحیتوں سے نہیں بلکہ اقوامِ متحدہ کے اُن پانچ بڑوں کے کردار اور نظام سے ہے جو دوسری جنگِ عظیم کے بعد قائم کیا گیا تھا۔ اقوامِ متحدہ میں حقیقی اور حتمی فیصلہ سازی کا اختیار سیکرٹری جنرل کے پاس نہیں بلکہ سلامتی کونسل کے امریکہ، برطانیہ، فرانس، روس اور چین پر مشتمل پانچ مستقل اراکین کے ہاتھوں میں ہے۔ انہیں حاصل ''ویٹو پاور'' نے پورے عالمی نظام کو یرغمال بنا رکھا ہے، عراق جنگ سے لیکر روس۔ یوکرین، اسرائیل فلسطین اور اسرائیل، لبنان اور امریکہ، اسرائیل، ایران جنگ ہو یا پھر پاک بھارت جنگ، سلامتی کونسل وہ نتائج نہیں دے سکی جس کی توقع اس سے کی جاتی تھی۔ گذشتہ کئی برسوں کے دوران جب بھی دنیا کے کسی کونے میں اَمن قائم کرنے کی کوئی موثر کوشش کی گئی یا کسی مظلوم قوم کے حق میں رائے عامہ ہموار ہوئی، پانچ بڑوں میں سے کسی نہ کسی نے اپنے اپنے مفادات کی خاطر ویٹو کے ہتھیار کا استعمال کر کے اِسے خاک میں ملا دیا۔ یوکرین کی صورتحال ہو، مشرقِ وسطیٰ میں غزہ کی تباہ کاری ہو یا دیگر علاقائی تصادم، اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل مفلوج ہی نظر آئی۔ اقوامِ متحدہ کے سیکرٹری جنرل اور ان کے ماتحت ادارے محض بیانات دینے، تشویش ظاہر کرنے اور انسانی امداد کی اپیلیں کرنے تک محدود ہو کر رہ گئے۔ اِس وقت بھی جب انتونیو گوتریس اپنے عہدے سے ریٹائر ہونے والے ہیں دنیا کے مختلف خطوں میں خونریزی جاری ہے اور لاکھوں انسان بے گھر اور بے یارومددگار ہیں۔ اُن کی جگہ آنے والے نئے سیکرٹری جنرل کے لئے بھی یہی چیلنج منہ کھولے کھڑے ہوں گے تو وہ عالمی توقعات پر کیسے پورا اُتریں گے خاص طور پر جب تک پانچ بڑے کسی ایک بات پر متفق نہیں ہو جاتے؟ وقت کا تقاضہ ہے کہ دنیا کے پانچ بڑے طاقتور ممالک (بالخصوص امریکہ اور روس) اپنے باہمی اختلافات، جغرافیائی مفادات اور توسیع پسندانہ پالیسیوں سے بالاتر ہو کر سوچنا شروع کریں اور سلامتی کونسل کے مقاصد کو حقیقی معنوں میں پورا کرنے میں کردار ادا کریں۔ دوسری جنگِ عظیم کے بعد سلامتی کونسل میں ویٹو کا اختیار جنگوں یا عالمی جنگوں کو روکنے اور چھوٹے ممالک کے حقوق کا تحفظ کرنے کے لئے دیا گیا تھا لیکن بدقسمتی سے اب ویٹو کا یہ اختیار جنگیں جاری رکھنے کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے۔ سلامتی کونسل کے یہ بڑے جب تک اپنے معاملات درست نہیں کرتے اور ویٹو کے استعمال کو اقوامِ متحدہ کے بنیادی منشور اور انسانی بنیادوں کے تابع نہیں کرتے تب تک نئے سیکرٹری جنرل عالمی اَمن کی ضمانت نہیں دے سکیں گے۔ عالمی برادری کو محض بیانات سے آگے بڑھ کر اقوامِ متحدہ میں ساختی اصلاحات کی طرف قدم بڑھانا چاہئے، اقوامِ متحدہ کو اپنی اصل روح کے مطابق فعال بنانا ہے تو ویٹو کے بے جا استعمال کو لگام دینا ہو گی۔ عالمی اَمن کو طاقتور کے ہاتھوں یرغمال بننے دینے کے بجائے انصاف کے اصولوں پر قائم کرنا ہوگا۔

خالصتان نے نیا نقشہ جاری کر دیا

ریاض احمد چوہدری

خالصتان تحریک کے حامی بھارت کے مستقبل کا نقشہ سامنے لے آئے۔ نقشے میں دیکھا جا سکتا ہے کہ بھارت ٹکڑے ٹکڑے ہونے جا رہا ہے۔ نقشے میں بھارت کو درجنوں چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں ٹوٹا ہوا دکھایا گیا ہے اور دعویٰ کیا گیا ہے کہ بہت جلد بھارت ٹوٹ جائے گا اور خالصتان الگ ملک بنے گا جبکہ مکمل کشمیر اور جموں کی وادی بھی پاکستان کے ساتھ شامل ہو جائے گی۔ خیال رہے کہ یہ نقشہ بھارتی پنجاب میں موجود خالصتان تحریک کے حامیوں کی جانب سے جاری کیا گیا ہے۔ خالصتان موومنٹ کے رہنما امرجیت سنگھ کا کہنا ہے کہ بھارت میں سکھوں کے ساتھ برا سلوک روا رکھا گیا۔ ہم زبردستی بھارت کا حصہ ہیں۔ مرضی سے کبھی بھارت کا حصہ نہیں رہے۔ بھارت نے پارلیمنٹ میں آئینی ہتھنڈہ گردی کی۔ ہماری مقدس جگہ دربار صاحب میں ہزاروں سکھوں کو مارا گیا تھا۔ دریائے جمنا سے واہگہ تک خالصتان ڈکلیئر کرائیں گے۔ امریکہ میں احتجاج کے دوران خالصتان کا جھنڈا لہرائیں گے۔ بھارت میں کشمیری سٹوڈنٹس ڈرے ہوئے ہیں۔ کچھ قوم نے بھارتی آئین کو بھی نہیں مانا۔ ڈیڑھ لاکھ سکھ نوجوانوں کو پنجاب میں جھوٹے مقابلوں میں مارا گیا۔ ہم مقبوضہ پنجاب کو خالصتان ڈکلیئر کرانا چاہتے ہیں۔ ورلڈ سکھ پارلیمنٹ 30 ملین سکھوں کی آواز بنے گی۔ اندرا گاندھی سرکار نے 1984ء ؁ میں سکھوں پر ظلم کئے۔ ایسوسی ایٹ پریس کے صحافی نے سکھوں پر مظالم نوٹ کئے۔ بی بی سی نے ڈاکومنٹری میں ہزاروں کشمیریوں کے نکلنے کو رپورٹ کیا۔ آج سات لاکھ فوج پہلے ہی کشمیر کی وادی میں موجود ہے۔ اب آر ایس ایس کے غنڈے بھرتی کر کے وادی میں بھیجے گئے۔ سکھوں نے بھارت سے آزادی کے نتیجے میں شملہ کو اپنا دارالحکومت بنانے کا اعلان کیا ہے۔ امریکا میں مقیم سکھوں کی تنظیم نے اعلان کیا ہے کہ اب ہم مزید بھارت کا حصہ بن کر نہیں رہ سکتے۔ تنظیم نے بھارتی پنجاب کی آزادی کے لیے ریفرنڈم اور خالصتان کا نقشہ بھی جاری کر دیا۔ سکھ فارجسٹس کے مرکزی رہنما اور وکیل برائے انسانی حقوق گرپت ونت سنگھ پنوں نے بھارتی پنجاب میں خالصتان ریفرنڈم کے حوالے سے کہا کہ ہم بھارتی تسلط سے پنجاب کو آزاد کروانے کے لیے گلوبل ریفرنڈم کی مہم چلا رہے ہیں۔ ہم بھارت کا حصہ بن کر نہیں رہ سکتے۔ آج ہم وہ نقشہ بھی جاری کر رہے ہیں کہ جب بھارتی پنجاب آزاد ہو گا تو ان علاقوں کو خالصتان میں شامل کیا جائے گا۔ شملہ اس خالصتان کا دارالحکومت ہو گا۔ ہماچل پردیش، ہریانہ، چندی گڑھ اور دیگر ایسے علاقے شامل ہیں جو 1947ء ؁ کے بعد پنجاب بنا تھا۔ 26 جنوری 1950ء ؁ تک سکھ کو امید تھی کہ وہ بھارت کے اندر رہ کر اپنی خودمختار ریاست بنا سکے گا لیکن اس کے بعد سکھ مذہب کو ہندو مذہب بنانے کے اقدامات کا آغاز کیا گیا تو پھر سکھوں نے الگ خطہ لینے کا فیصلہ کیا۔ کشمیر کی آزادی کے لیے بھارتی پنجاب کی آزادی ضروری ہے۔ پاکستان کشمیریوں کی طرح سکھوں کے لیے بھی آواز بلند کرے اور ان کو اخلاقی، سیاسی و سفارتی سپورٹ مہیا کرے۔ بھارت میں مسلمانوں کو اپنے الگ وطن اردستان کے لیے آواز اٹھانا ہوگی جس کے لیے ہم بھی کام کر رہے ہیں۔ اردستان اس لیے بھی ضروری ہے تاکہ بھارتی مسلمان محفوظ رہ سکیں۔ 50ء ؁ کی دہائی میں جب خالصتان قیام کی تحریک عروج پر تھی تو بھارتی فوج نے طاقت کے بل بوتے پر کچھ عرصے کیلئے اس تحریک کو دبا دیا۔ سکھوں نے جرنیل سنگھ بھنڈرانوالہ کی قیادت میں ایک بار پھر خالصتان کے قیام کی تحریک شروع کی۔ بھنڈرانوالہ، آل انڈیا سکھ فیڈریشن اور اکالی دل کے سرکردہ اور بہت سے نامور رہنما امرتسر کے گولڈن ٹمپل میں جمع ہو گئے۔ خالصتان کے قیام کی تحریک زور پکڑ رہی تھی تو آنجہانی اندرا گاندھی نے فوج اور پولیس کے ذریعے سکھوں کو گوردوارے کے اندر نہ صرف محصور کر دیا بلکہ بھارتی فوج نے بلوسٹار آپریشن کر کے گوردوارے کے اندر مقیم سکھوں اور ان کے رہنماؤں کو قتل بھی کر دیا۔ اس افسوسناک سانحہ کے بعد نہ صرف ہندوستان بلکہ دنیا بھر میں مقیم سکھ قوم اور بالخصوص مشرقی پنجاب کے سکھوں نے ہندوؤں سے انتقام لینے کیلئے انہیں مارنا شروع کر دیا۔ اس واقعہ پر سارے بھارت میں سکھوں کو چن چن کر موت کے گھاٹ اتارا دیا گیا۔ ہزاروں سکھوں کے قتل عام کے بعد سکھ قوم نے انتقام لینے کا تہیہ کر لیا اور آخرکار اس کے نتیجے میں وزیراعظم ہاؤس میں سکھ اہلکاروں نے وزیراعظم اندرا گاندھی پر فائر کر کے اسے جہنم واصل کر دیا۔ اندرا گاندھی تو نشان عبرت بن گئی لیکن ہندوؤں نے ایک بار پھر دہلی اور دوسرے صوبوں میں ہزاروں سکھوں کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔ تب بھی سکھوں کی تحریک آزادی دبی نہیں تھی اور سکھ آزادی کے حصول کیلئے کئی منصوبے بناتے رہے۔ سکھوں کی نسل کشی کو پینتیس برس سے زائد کا عرصہ ہو چکا اور لاکھوں سکھ مرد و خواتین بھارت کی درندگی کی بھینٹ چڑھنے کے باوجود سکھ قوم اپنا مقصد نہیں بھولی ہے۔ تحریک خالصتان درحقیقت سکھ قوم کی بھارتی پنجاب کو، خود برطانی کیفیت کے حوالے سے ہے کہ تقریباً ایک ہفتے سے میں اپنے اس ماضی میں گھویا ہوا ہوں جب چوک نواب صاحب کے رفیق حرف فیقا پہلوان اور حاجی لال دین حلوائی یاد آئے اور اب تک یاد آتے چلے جا رہے ہیں اس کے ساتھ ہی وہ دور بھی یاد آ رہا ہے جب ہم زیرِ تعلیم اور موسم میں گھروں میں تنور کی روٹی کے ساتھ ڈنر ہوتا تھا، یوں یہ چوک شام کو پرونق ہوتا تھا جبکہ دن کے وقت ناشتہ ہوتا تو سامنے ہی دودھ دہی کی دکان سے لسی بھی پی جاتی، اگر پوری نہ لینا ہوتی تو پھر کلچے لے کر دہی اور لسی سے ناشتہ ہو جاتا تھا۔ آج کل لاہور ہیری مچ کا بہت چرچا ہے۔ تاریخی عمارتیں بحال ہو رہی ہیں، ان کے حوالے سے تاریخ کے ورق الٹ کر کتابیں لکھی جا رہی ہیں لیکن وہ سوشل لائف (زندگی) جو اس شہر کی جان تھی اس کا ذکر نہیں ہوتا، آج پارے تو شاید کبھی بعد میں شہر سے باہر کہلائے اور پھر پوٹ معدوم ہو گئے اس کی وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ اس دور میں پوٹ ڈونگی لفظ تھا، نمک پارے تو پوٹ تھے ہی لیکن خوبصورت اور نازک مزاج فروکوبھی پوٹ کہہ دیا جاتا تھا۔ ممکن ہے یہ تقیید نمک پاروں کی پسند کی وجہ سے ہو کہ اس دور میں جب ہم طالب علم میں تل کر کھاتے تھے دیسی گھی کے اور بچے کہلاتے تھے تو یہ پوٹ بہت ہی پسندیدہ مٹھائی تھی اگرچہ یہ نمکین ہوتے ہیں اور بعد میں اسی وجہ سے نمک پارے کہلائے ہوں گے۔ تشہید ذرا طولانی ہو گئی، بات تو نہیں تھا، وہ دور ایسا تھا جب بکرے کا گوشت بھی ایک روپے کا سیر بکتا تھا، مجھے گھر سے چار آنے دے کر بھیجا جاتا اور میں چاچا قصائی کی دکان پر جا کر سلام کرتا اور ایک پاؤ گوشت مانگتا جو چار آنے میں ملتا۔ قصاب گوشت کا ٹکڑا اتار کر صاف کرتا اور پھر ترازو میں تولتا اور پلڑا گاہک کی طرف جھکا ہوتا تھا ایک پاؤ گوشت اور سبزی گھر کے لئے کافی ہوتا، آج کے دور میں ڈیجیٹل کانٹے ہیں جو دکان دار نرخ کے حساب سے نمک پارے نہیں ملے تھے جہاں سے بھی لے وہ بڑے بڑے ہوتے اور بعض ڈھیلے بھی ہوتے لیکن یہ بہت خستہ اور بالکل ویسے تھے جیسے بچپن میں فیقا پہلوان کی دکان سے لے کر کھایا کرتے تھے، میں نے عرض کیا کہ چوک نواب صاحب میں رفیق پہلوان اور حاجی لال دین کے کیلئے ایک خالصتان ہے۔

علامہ اقبال پر دستاویزی فلم کا قصہ!

خالد کاشمیری

ماہ دسمبر 1968ء ؁ کے آخری دنوں کی بات ہے۔ اِن دنوں اسمبلی چیمبرز کے قریب ترین کی وسیع و عریض عمارت الفلاح بلڈنگ میں واقع الفلاح سینما پوری طرح شاد و آباد ہوا کرتا تھا۔ اس میں ایک روز کرنل فقیر سید وحید الدین کے حوالے سے ''روزگار فقیر'' کے نام سے حکیم الامت علامہ اقبال؟ کی زندگی اور شاعری پر مشتمل ایک دستاویزی فلم کی نمائش دیکھنے کا دعوت نامہ اخبار نویسوں کو موصول ہوا۔ اس میں یہ بھی بتایا گیا تھا کہ یہ فلم کرنل فقیر سید وحید الدین نے تیار کرائی ہے اور اس فلم کا تحریری خاکہ اور منظر نامہ ترقی پسند معروف شاعر فیض احمد فیض نے مرتب کیا ہے۔ فلم کی نمائش سے قبل پروڈیوسر سید وحید الدین کی طرف سے فلم کے متعلق جو ''چند ضروری باتیں'' ناظرین کے گوش گزار کی گئیں ان میں یہ بھی کہا گیا کہ فلم انسانی علم و فکر میں اضافہ کا ایک موثر ذریعہ ہے اور دنیا کے متعدد ممالک نے یہ ذریعہ اپنے قومی مشاہیر کی شخصیت کو اُجاگر کرنے میں استعمال کیا ہے، چنانچہ بھارت میں نیگور پر، جرمنی میں گوئٹے پر، سوویت یونین میں لینن اور گورکی پر اور ترکی میں کمال اتاترک پر دستاویزی فلمیں بنائی جا چکی ہیں، ضرورت تھی کہ پاکستان میں شاعر مشرق علامہ اقبال؟ کی حیات و افکار پر مبنی ایک نہایت ہی بلند معیار کی لاثانی دستاویزی فلم تیار کی جائے تاکہ دنیا ہمارے اس ہیرو کی عظمت سے روشناس ہو سکے۔ بلاشبہ سید وحید الدین کی یہ ایک اچھی کوشش تھی لیکن جہاں تک اس بات کا تعلق تھا اور ہے اس فلم سے مفکر اسلام علامہ اقبال؟ کے حیات و افکار یا نظریات کی جھلک نمایاں ہوتی یا اس دنیا کو اس مردِ قلندر کی عظمت سے روشناس کرانے میں مدد ملتی۔ محض سراب کے سوا کچھ نہیں تھا۔ اس دو ہزار آٹھ فٹ لمبی رنگین فلم پر یقیناً لاکھوں روپے صرف کئے گئے مگر کچی بات تو یہ ہے کہ اس کی ترتیب و تدوین میں شاعرِ مفکرِ اسلام کے حقیقی نظریاتی پہلوؤں کو جگہ دی جاتی تو ملک میں ایک حقیقی ''ہیرو'' پرتیار ہونے والی یہ پہلی عظیم الشان دستاویزی فلم قابل صد تحسین قرار پاتی، لیکن اس معاملے میں ملک بھر میں راقم الحروف ہی نے ان دنوں سب سے پہلے اس کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے لکھا تھا کہ اس فلم میں یہ تاثر دینے کی پوری کوشش کی گئی ہے کہ علامہ اقبال؟ اشتراکیت کے مدح سرا تھے۔ اس فلم میں علامہ اقبال؟ کی عہد جوانی کی ایک ایسی تصویر سب سے پہلے دکھائی گئی جسے پہچاننے میں بھی دیر لگتی ہے اسی کے مقابلے میں بعض اشتراکی رہنماؤں کی عین عہد شباب کی تصاویر سے فلم کو مزین کیا گیا ہے۔ ''روزگار فقیر'' کا منظر نامہ اور تحریری خاکہ مرتب کرنے والے نے ''تاریخی ٹھوکر'' کھائی ہے۔ علامہ اقبال؟ کے جن اشعار کو بنیاد بنا کر چینی انقلاب کا ذکر کیا گیا ہے اور فلم میں اس کے مظاہرے اور مناظر دکھائے گئے اس کے علمبردار اور قائد ڈاکٹر ''سن یات سن'' تھے مگر فلم میں اس موقعہ پر جو تصویر فلم میں آئی وہ مانوزے تنگ کی تھی۔ ایسے مناظر سے یہ بات مترشح کرنا مقصود لگتی ہے جیسا کہ اشتراکی نظام کی جیت اور سربلندی ہی اقبال؟ کا مطمح نظر تھا پوری فلم میں علامہ اقبال؟ کے حقیقی جوہر تو ''فکری پہلو'' ہے جس نے قوم کی مردہ رگوں میں حیات نو کی توانائی رمق بخشی اور جس نے قوم کو عشق رسول؟ میں ڈوب کر کائنات پر حاوی ہونے کا راستہ سمجھایا تھا۔ فکر اقبال ہی نے برصغیر کے غلام پرستارانِ توحید کو ایک الگ آزاد وطن کی بشارت دی تھی۔ حضرت علامہ اقبال؟ کے حیات و افکار سے متعلق ایسے پہلو کیسے نظر انداز ہو سکتے ہیں، مگر روزگار فقیر میں انہیں نظر انداز کرنے کا گمانِ گزرتا ہے، جہاں تک فیض احمد فیض کے آفتاب علم و ادب اور اپنے مخصوص نظریات میں ایک یکتا مقام کے حامل مقام پر سرفراز ہونے کا تعلق ہے وہ اپنی جگہ ایک مسلمہ حقیقت ہے مگر جہاں تک علامہ اقبال؟ کے ان کے نظریات کا تعلق ہے بلاشبہ وہ ایک متوازی خطوط کی حیثیت رکھتے ہیں، تبھی تو جب یہ معلوم ہوا تھا کہ علامہ اقبال؟ کے فکری افکار و نشریات سے عبارت دستاویزی فلم کی تدوین و ترتیب کا بیڑہ فیض احمد فیض اُٹھا چکے ہیں۔ علامہ اقبال؟ کے فکری افکار سے شناسائی رکھنے والوں کا یہ خدشہ غلط نہ تھا کہ..... ساقی نے کچھ ملا نہ دیا ہو شراب میں، چنانچہ پھر فلم میں اس کی نشاندہی بھی ہوئی اور پھر اس حوالے سے میری تحریر طعن و تشنیع کا نشانہ بھی بنی، کیونکہ میری ''سچ مچ'' کو ایسے ''روشن دماغ'' کب برداشت کرتے جو مشرق کی سرخی زائل ہونے تک سرخ پرچم کی اڑانوں کے ترانے لگاتے رہے۔ راقم الحروف نے اس وقت بھی ہانگ دہل لکھا کہ روزگار فقیر کو ''خاکہ نویس'' کو کلام اقبال میں اپنے نظریات کے پرچار کے لئے اشتراکی ممالک کے انقلابات تو سمجھ میں آگئے لیکن اقبال نے کرہ ارض پر بکھرے ہوئے پرستانِ توحید کو ایک ہوئے اس طرح جو احساس دلایا تھا اسے سرے ہی سے نظر انداز کر دیا کہ فلم کے تدوین کار نے علامہ اقبال؟ کو ایک محدود خطہ زمین کا شاعر ظاہر کرنے کی کوشش کی، فلم میں علامہ اقبال؟ کے نظریہ عالم اسلام کے اتحاد، عشق سرور کائنات؟ سے سرشار ہونے کا اشارہ تک نہیں۔ اس سے متعلق کلام اقبال سے مطابقت رکھنے والے اشعار کے مطابق مناظر فلمائے جاتے تو یقیناً اس دستاویزی فلم کے مقاصد بہت حد تک حاصل ہونے میں مدد ملتی خالصتاً اپنی وحدت المسلمین کی بنیادی سوچ و فکر و نظریات پر مبنی جذبات کے اظہار کے لئے دلبانہ انداز میں پکارتے ہیں خدا معلوم فلم کے خاکہ نگار کی علامہ کے اس افکار پر نگاہیں کیوں نہ بچھیں اپنی اسی فکری بنیاد پر مفکر اسلام اللہ تعالیٰ سے ڈاگو ہوئے ہیں، ستم بالائے ستم یہ بات کہ روزگار فقیر 1938ء ؁ تک ہے، حالانکہ علامہ اقبال؟ نے جس ملک کے حصول کی بشارت دی تھی، تصور پیش کیا تھا اس کی عملی تعبیر اور اس کے لئے صبر آزما جدوجہد کی جھلکیاں فلم کے لئے لازمی حصہ کی حیثیت ہونا چاہئے تھیں۔ علامہ اقبال؟ ہی کی زندگی میں حضرت قائداعظم؟ سے اسلامیانِ ہند کی قیادت سنبھالی تو علامہ اقبال؟ پکار اُٹھے تھے ع اس دستاویزی فلم کو دیکھ کر یوں محسوس ہوا، کہ فلم کی ترتیب میں اس بات کا خاص خیال رکھا گیا کہ اس میں وہ پہلو نہ آنے پائیں جو اس ملک میں اقبال سے محبت و عقیدت کی اصل بنیاد ہیں۔ فلم میں 1940ء ؁ کی قرارداد پاکستان سے لیکر قیام پاکستان تک کے مناظر شامل ہوتے کہ علامہ اقبال؟ کے تصور وطن کے حصول کی خاطر کتنی عظیم جان توڑ جدوجہد کی گئی تھی اگرچہ ''روزگار فقیر'' ایک اچھی کوشش تھی لیکن ترقی پسند ذہن کا شکار ہو گئی ایسا ذہن جس کے متعلق حکیم الامت ہی کا ارشاد گرامی ہے:

پوپٹ (نمک پارے) اور یادِ ماضی!

چودھری خادم حسین

کی مٹھائی کی دکانیں تھیں، صبح کا ناشتہ حلوہ پوری، سادہ اور قیمہ والا قتلمہ ملتا اور یہ سب خستہ اور دیسی گھی میں تلے ہوتے تھے۔ چھٹی کے روز یہ ناشتہ بھی چلتا تاہم روز کے معمول میں شام کے وقت جب مٹھائی کی فروخت کا سلسلہ شروع ہوتا تو تازہ تازہ نکلے پوپٹ (نمک پارے) کھانے کا جو لطف تھا وہ شہر سے چلے آنے کے بعد سالوں سے اب تک نہیں آیا تھا لیکن میری بیٹی نے جو نمک پارے دیئے وہ واقعی پوپٹ تھے اور میں تین روز تک کھاتا اور لطف اندوز ہوتا رہا ہوں۔ آپ ذرا تصور کریں کہ ہمارے اس چوک نواب صاحب کی صرف یہ پوپٹ، مٹھائی اور ناشتہ ہی خصوصیت نہیں تھے بلکہ یہاں ایک دکان نان پکوڑے کی بھی تھی، چاچا کمال شام سے تھوڑی دیر پہلے ڈیرہ جماتے اور کڑاہی گرم کر لیتے، سرسوں کے خالص تیل میں پکوڑے، آلو اور بیگن تلتے، دکان پر بھیڑ ہوتی اور خریداروں کا ہجوم ہوتا، ہم بھی پکوڑے لینے آتے اور شور مچاتے تو ڈانٹ کھاتے۔ یہ پکوڑے اتنے خستہ اور لذیز ہوتے کہ ایک خاص موسم میں گھروں میں تنور کی روٹی کے ساتھ ڈنر ہوتا تھا، یوں یہ چوک شام کو پرونق ہوتا تھا جبکہ دن کے وقت ناشتہ ہوتا تو سامنے ہی دودھ دہی کی دکان سے لسی بھی پی جاتی، اگر پوری نہ لینا ہوتی تو پھر کلچے لے کر دہی اور لسی سے ناشتہ ہو جاتا تھا۔ آج کل لاہور ہیری مچ کا بہت چرچا ہے۔ تاریخی عمارتیں بحال ہو رہی ہیں، ان کے حوالے سے تاریخ کے ورق الٹ کر کتابیں لکھی جا رہی ہیں لیکن وہ سوشل لائف (زندگی) جو اس شہر کی جان تھی اس کا ذکر نہیں ہوتا، آج کل ماڈرن اور بدیسی کھانوں کا بہت شہرہ ہے لیکن جو لطف حاجی عبدالرحمٰن (مقتول) کے کبابوں کا تھا وہ آج تک کہیں اور نہیں ملا۔ ان کبابوں کی خوبی یہ ہے کہ قیمے اور پیاز کا کمبچر اس قدر بہترین ہوتا ہے کہ اب سادہ بھی کھایا جائے تو مزہ دیتا ہے اگرچہ ہم یہ کباب دیسی گھی میں تل کر کھاتے تھے دیسی گھی کے ذکر سے عرض کر دوں کہ تب یہ خالص دیسی گھی تین سے چار روپے سیر کے درمیان ملتا تھا۔ دنا پتی گھی اور پکانے کے آئیل کا کوئی تصور ہی نہیں تھا، وہ دور ایسا تھا جب بکرے کا گوشت بھی ایک روپے کا سیر بکتا تھا، مجھے گھر سے چار آنے دے کر بھیجا جاتا اور میں چاچا قصائی کی دکان پر جا کر سلام کرتا اور ایک پاؤ گوشت مانگتا جو چار آنے میں ملتا۔ قصاب گوشت کا ٹکڑا اتار کر صاف کرتا اور پھر ترازو میں تولتا اور پلڑا گاہک کی طرف جھکا ہوتا تھا ایک پاؤ گوشت اور سبزی گھر کے لئے کافی ہوتا، آج کے دور میں ڈیجیٹل کانٹے ہیں جو دکان دار نرخ کے حساب سے نمک پارے نہیں ملے تھے جہاں سے بھی لے وہ بڑے بڑے ہوتے اور بعض ڈھیلے بھی ہوتے لیکن یہ بہت خستہ اور بالکل ویسے تھے جیسے بچپن میں فیقا پہلوان کی دکان سے لے کر کھایا کرتے تھے، میں نے عرض کیا کہ چوک نواب صاحب میں رفیق پہلوان اور حاجی لال دین کے کیلئے ایک خالصتان ہے۔ انگریزی کا لفظ ہے جس کا مفہوم اب عام فہم ہے لیکن ہم تو پاد ماضی ہی کہیں گے کہ انگریزی کے اس لفظ کے معنی اس پر پورے نہیں اترتے۔ شاعر نے تو یاد ماضی کو عذاب کہا اور حافظ تو چھین لینے کی دعا کی لیکن یہ ہر یاد سے بڑی دعا نہیں ہو سکتی۔ شاعر شاید تلخ ماضی کی بات کرنا چاہتے تھے اگرچہ ماضی صرف ناخوشگوار ہی نہیں خوشگوار بھی تو ہوتا ہے اگرچہ گرما گرم موضوع مولانا فضل الرحمٰن کی پر معنی گفتگو اور کرکٹ ٹیموں کی سلیکشن بھی ہے لیکن یہ اب اتنے عام ہو گئے کہ سیر صبح کی محفل میں زیر بحث نہیں آئے وہاں ناشتہ ہی زیر غور آیا، ماضی کے حوالے سے جو عرض کیا تو دراصل یہ خود برطاری کیفیت کے حوالے سے ہے کہ تقریباً ایک ہفتے سے میں اپنے

روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ

بقیہ جات

بقیہ 1

پیپی پونٹ نیٹ ورک بھی کرنی ہوگی۔ یہ سب کچھ ایک مربوط اور مضبوط نظام کے تحت ایک طے شدہ پالیسی اور ایڈمنسٹریشن کے ساتھ کیا جائے گا۔ اس کے بعد ہی ہم کہہ سکیں گے کہ ہم نے ایک ایسا نظام بنایا ہے جو ہمارے مقاصد کو پورا کرے گا۔ ہم نے ایک ایسا نظام بنایا ہے جو ہمارے مقاصد کو پورا کرے گا۔ ہم نے ایک ایسا نظام بنایا ہے جو ہمارے مقاصد کو پورا کرے گا۔

بقیہ 2

اور مختلف ڈیٹا کی مرکزی ڈیٹا سینٹر میں فراہمی حکومتی نظام کو مضبوط بنانے میں مدد کرے گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ ڈیجیٹل بینکنگ پاکستان کے مقصد کو حقیقت کا روپ دینے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ ڈیجیٹل بینکنگ کے ذریعے ہم شہریوں کے لیے مؤثر اور باسہولت خدمات کو یقینی بنائیں گے۔ قومی سطح پر شہریوں کے لیے مؤثر اور باسہولت خدمات کو یقینی بنانا ہے۔ قومی سطح پر تمام شعبوں اور حکومتی اداروں کے ساتھ کام کرنا ہوگا۔ ڈیجیٹل بینکنگ ایک ایسی جگہ ہے جہاں ہم ڈیجیٹل دنیا کی ترقی سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ ڈیجیٹل بینکنگ ایک ایسی جگہ ہے جہاں ہم ڈیجیٹل دنیا کی ترقی سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ ڈیجیٹل بینکنگ ایک ایسی جگہ ہے جہاں ہم ڈیجیٹل دنیا کی ترقی سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

بقیہ 3

اس مشن میں شامل ہیں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ پاکستانی پولیس کے افسران اور اہلکار اقوام متحدہ کے پیس مشن کی بھی خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ پاکستان نے اب تک 181 جانوں کا نذرانہ پیش کیا ہے۔ سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ انتونیو گوتریس کا کہنا تھا کہ پاکستان کی اقوام متحدہ کے امن مشن میں شرکت بیشمار قربانیوں سے عبارت ہے۔ پاکستان کے اقدامات اور کاوشیں قابل تعریف ہیں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ امن کو اپنی اولین ترجیح بنایا ہے۔ ہم نے ہمیشہ امن کے لیے کام کیا ہے۔ ہم نے ہمیشہ امن کے لیے کام کیا ہے۔ ہم نے ہمیشہ امن کے لیے کام کیا ہے۔

بقیہ 4

میں بہتری لیلے ہیں بہتر ہے کہ مذاکرات کے چاہیں اور افغان افواج کے ساتھ تصادم سے گریز کریں۔ ہم نے کہا کہ پی ٹی آئی اور حکومت میں کسی طرح سے مذاکرات ہونی چاہئیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی ان کی ایک چھوٹی اپوزیشن سے صدارتی ریفرنس کے 19 ان سارے پر اس اضافے کا اطلاق نہیں ہوگا۔ 18 اکتوبر کے بولنگ ٹرائل کے 21 ویں بڑی عقوبت واخراج سے متاثر کیا گیا

بقیہ 5

ہے اور وہ ہمارے لیے بہت بہتر ہے کہ مذاکرات کے چاہیں اور افغان افواج کے ساتھ تصادم سے گریز کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی اور حکومت میں کسی طرح سے مذاکرات ہونی چاہئیں۔ ہم نے کہا کہ پی ٹی آئی ان کی ایک چھوٹی اپوزیشن سے صدارتی ریفرنس کے 19 ان سارے پر اس اضافے کا اطلاق نہیں ہوگا۔ 18 اکتوبر کے بولنگ ٹرائل کے 21 ویں بڑی عقوبت واخراج سے متاثر کیا گیا

بقیہ 6

ٹیکنالوجی پارک ورڈ آف ریونیو (ایلیف آر) نے نیا

خیبر پختونخوا کو مرکز کی نااہلی کا خمیازہ بھگتنا پڑ رہا ہے، بلال اظہر کیانی

صوبائی حکومت دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پولیس اور دیگر اداروں کو درکار فنڈز اور اسلحہ فراہم کرنے کے لیے تاخیرسے تو اس کی نیت پر سوال اٹھتے ہیں

دہشتگردی کے خلاف جنگ کے دوران خیبر پختونخوا کی سیاسی قیادت کو بھی اس صورتحال کی سنگینی کا احساس ہونا چاہیے، وزیر مملکت خزانہ کی پریس کانفرنس



کوئٹہ صوبائی وزیر سیلم احمد کھوسہ سے صوبائی وزیر میر شعیب زہری، صاحبزادہ طارق اللہ کرخان مندوخیل، میر یونس عزیز زہری، حاجی میر زابد بلوچ، ریکی اور حاجی اصغر خان ترین ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) بلوچستان بار کونسل کا عدالتی امور میں بائیکاٹ کا اعلان کردیا بلوچستان بار کونسل نے ایڈیشنل سیشن جج کے سبکدوشی سے متعلق ریفرنس کے خلاف آج صوبے بھر میں تمام عدالتی امور کے بائیکاٹ کا اعلان کردیا بلوچستان بار کونسل کے مطابق ایڈیشنل سیشن جج کے سبکدوشی سے متعلق ریفرنس کے معاملے پر وکلا میں تشویش پائی جاتی ہے، جس کے باعث احتجاجا آج عدالتوں میں وکلا عدالتی کارروائی کا بائیکاٹ کریں گے۔ ٭بار کونسل کے مطالبہ کیا ہے کہ ایڈیشنل سیشن جج کے سبکدوشی سے متعلق ریفرنس کو کالعدم قرار دیا جائے اور ریفرنس دائر کرنے والے جوڈیشل کونسل کے ممبران کے خلاف کارروائی کی جائے۔ (بقیہ 85 صفحہ نمبر 3 پر)

گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی اسکول اوستہ محمد: ڈپٹی کمشنر کا زیر تعمیر عمارت کا تفصیلی دورہ

اوستہ محمد میں تعلیمی انفرا سٹرکچر کی بہتری: ترقیاتی کاموں میں معیار کو یقینی بنانے کی ہدایت

اوستہ محمد (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد مہتاب پالیا نے گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائی اسکول اوستہ محمد کے زیر تعمیر عمارت کا تفصیلی دورہ کیا اور جاری تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ مذکورہ تعلیمی منصوبہ پروجیکٹ ڈائریکٹر ڈپٹی کمشنر رمضان پال کی نگرانی میں تعمیر کیا جا رہا ہے۔ اس کا مقصد طلبہ کو بہتر، محفوظ اور جدید تعلیمی ماحول کی فراہمی کے لیے تعلیمی انفرا سٹرکچر کو مزید مستحکم بنانا ہے۔ دورے کے موقع پر اسکول کے ہیڈ ماسٹر طارق اشاری اور پروجیکٹ ڈائریکٹر انجان اللہ رند بھی موجود تھے۔ پروجیکٹ ڈائریکٹر انجان اللہ رند نے ڈپٹی کمشنر رمضان پال کو منصوبے کے مختلف پہلوؤں سے متعلق بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ منصوبے کی مجموعی لاگت 5 کروڑ 70 لاکھ روپے ہے۔ اب تک 3 کروڑ 85 لاکھ روپے جاری کیے جا چکے ہیں، جن میں سے 3 کروڑ 22 لاکھ روپے خرچ کیے جا چکے ہیں۔ منصوبے کے تحت 4 نئے کمرے، 2 لیٹرینز اور ایک واٹر کولر تعمیر کیا جا رہا ہے۔ (بقیہ 36 صفحہ نمبر 3 پر)

آئینی عدالت کا فیصلہ، اسلام آباد میں رجسٹرڈ کلینکس پر بغیر لائسنس ادویات کی سیل پر پابندی عائد

محکمہ صحت کا خبردار کرتے ہوئے قانونی کارروائی کا انتباہ، 15 روز کی مہلت دیدی گئی

اسلام آباد (پی این ایم) محکمہ صحت نے آئینی عدالت کے فیصلے کی روشنی میں اہم فیصلہ کرتے ہوئے اسلام آباد میں رجسٹرڈ کلینکس پر بغیر لائسنس ادویات کی سیل پر پابندی عائد کردی۔ اسلام آباد میں غیر رجسٹرڈ کلینکس کی موجودگی کے بارے میں سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد محکمہ صحت اسلام آباد نے غیر قانونی میڈیکل اسٹورز کے خلاف متعلقہ اداروں کو مراسلہ ارسال کر دیا ہے۔ مراسلہ اسلام آباد محکمہ صحت کے ڈپٹی ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز اسلام آباد میں رجسٹرڈ کلینکس پر بغیر لائسنس ادویات کی سیل پر پابندی عائد کردی۔ اسلام آباد میں غیر رجسٹرڈ کلینکس کی موجودگی کے بارے میں سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد محکمہ صحت اسلام آباد نے غیر قانونی میڈیکل اسٹورز کے خلاف متعلقہ اداروں کو مراسلہ ارسال کر دیا ہے۔ مراسلہ اسلام آباد محکمہ صحت کے ڈپٹی ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز کے دستخط سے جاری کیا گیا ہے۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ